نماز مغرب سے تھوڑا وقت باقی تھا کہ یہ مبارک تقریب اختتام کو پہنچی۔

★ **شیخ الحدیث مدظلہ کے اسفار** | مئی کے اوائل میں دارالعلوم مجددیہ تجوید القرآن کی جامع مسجد کی بنیاد رکھنے کے سلسلہ میں مولانا غریب اللہ صاحب فاضل دیوبند کی دعوت پر مانکی تشریف لے گئے۔ آپ کی آمد کی اطلاع چونکہ تمام علاقے میں پھیل گئی تھی۔ علماء، فضلاء، اور مخلصین کا بے پناہ ہجوم تھا۔ سب حضرت کو ایک نظر دیکھنے کے لئے بے تاب تھے۔ بعد نماز عصر مسجد کا سنگ بنیاد رکھا اور مغرب کو واپسی ہوئی۔

★ ۱۱ مئی دارالعلوم حقانیہ کے ایک نوجوان فاضل مولانا عبدالبصیر شاہ صاحب کی دستار بندی کا پروگرام تھا۔ جس کی تقریب شب قدر میں ہونی تھی۔ حضرت کی شرکت کی اطلاع سے پورا علاقہ امڈ آیا تھا۔ بے پناہ ہجوم تھا۔ وہی اپنے کو خوش نصیب سمجھ رہا تھا جس نے زائرین و مخلصین کے بے پناہ ازدہام میں حضرت کو ایک نظر دیکھنے کی راہ نکال لی۔

اس تقریب میں حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ، مولانا انوار الحق صاحب اور دیگر کئی اساتذہ دارالعلوم بھی حضرت مدظلہ کے ساتھ شریک رہے۔

★ **تعطیلات و درس قرآن** | ۱۰ شعبان سے سالانہ تعطیلات کی وجہ سے دارالعلوم میں درس نظامی کے تمام تعلیمی شعبے بند ہو گئے ہیں۔ البتہ دفاتر، دفتر اہتمام، ماہنامہ الحق، مؤتمر المصنفین، دارالافتاء اور کتب خانہ حسب سابق اپنا کام کر رہے ہیں۔ شعبہ دارالحفظ میں باقاعدہ تعلیمی کام جاری ہے۔

علاوہ ازیں اس سال ۱۵ شعبان سے ترجمہ قرآن مجید۔ دورۂ تفسیر کی صورت میں باقاعدہ طور دارالحدیث میں پڑھایا جا رہا ہے۔ جس میں فضلاء اور طلبہ کی ایک جماعت شریک ہے۔ یہ خدمت دارالعلوم کے دو اساتذہ مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب اور مولانا عبدالقیوم صاحب حقانی انجام دے رہے ہیں۔

تصحیح

اشتہار نیلام ٹھیکہ جات میونسپل کمیٹی مردان میں ضروری تصحیح شائع کی جاتی ہے۔ متعلقہ حضرات نوٹ فرمائیں۔

۱۔ میلہ مویشیاں بغداده ۔ مورخہ ۲۸ مئی ۱۹۸۴ء پڑھا جائے۔

۲۔ بس اڈہ بمعہ سٹینڈ کے بجائے بس اڈہ ۔ مورخہ ۲۹ مئی ۱۹۸۴ء پڑھا جائے۔ چارسدہ روڈ مردان

المشتہر: اکرام اللہ شاہد۔ چیئرمین بلدیہ مردان۔